پینسلوانیا

# الیکشن 2024 کے بارے میں ووٹر کی باخبر رہنمائی

5 نومبر 2024

## امریکی سینیٹ

وفاقی حکومت کی قانون ساز شاخ، کانگریس، دو ایوانوں پر مشتمل ہے: امریکی سینیٹ اور امریکی ایوانِ نمائندگان۔ کوئی بھی وفاقی قانون منظور کرنے کے لیے دونوں ایوانوں سے ایک اکثریتی ووٹ درکار ہوتا ہے۔ اکثر قانون سازی کو ایک ووٹ کے مرحلے تک لے جانے کے لیے سینیٹ میں 60% کی بھاری اکثریت درکار ہوتی ہے۔

ہر 6 سال بعد سینیٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے، اور امریکی سینیٹ جو 100 سینیٹرز پر مشتمل ہوتی ہے، جہاں ہر ریاست میں سینیٹرز منتخب کیے جاتے ہیں۔ امریکی نائب صدر، امریکی سینیٹ کی صدارت کرتا ہے اور جب چیمبر اختلافِ رائے ہو تو ایک اضافی ووٹ پیش کر سکتا ہے۔ عدالتِ عظمیٰ کے جج صاحبان اور کابینہ کے عہدوں جیسے عہدوں کے لیے صدر کی تقرریوں کی منظوری کا اختیار صرف سینیٹ کو حاصل ہے۔

### ہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

سینیٹ کی جانب سے کی گئی قانون سازی کے تحت نگہداشتِ صحت، فوجداری انصاف کی اصلاحات، امیگریشن، اور COVID-19 کی امداد جیسے مسائل کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ سینیٹ میں کسی بھی اختلافِ رائے سے کسی اہم قانون سازی کے بارے میں جمود پیدا ہو سکتا ہے۔

## آڈیٹر

ریاست کے مالیاتی احتساب کی نگرانی میں آڈیٹر جنرل برائے پینسلوانیا ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس میں آڈٹس کی انجام دہی شامل ہے تاکہ ٹیکس دہندگان کے فنڈز کا درست استعمال یقینی بنایا جائے، حکومتی پروگرامز کے مؤثر ثابت ہونے کا جائزہ لیا جائے، اور قوانین اور ضوابط کے مطابق شفافیت اور تعمیل کو فروغ دیا جائے۔ بہتری کی خاطر شعبوں کی شناخت کرتے ہوئے اور خصوصی تحقیقات انجام دیتے ہوئے، آڈیٹر جنرل ریاستی وسائل کے مؤثر اور ذمہ دارانہ انتظام میں کردار ادا کرتا ہے۔

### یہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

پینسلوانیا میں آڈیٹر جنرل کا کردار اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہی وسائل کی منصفانہ تفویض کاری اور شفافیت کو یقینی بناتا ہے۔ آڈیٹر جنرل، آڈٹس کے ذریعے کام کرتا ہے تاکہ عدم مساوات کی صورتیں بے نقاب کی جائیں، مساوات کے مطابق اخراجات کو فروغ دیا جائے، اور نظامی رکاوٹیں دور کرنے میں کردار ادا کیا جائے، تاکہ ایک مزید منصفانہ اور اجتماعی ریاست پھل پھول سکے۔

## اٹارنی جنرل

اٹارنی جنرل برائے پینسلوانیا، گورنر، ریاستی ایجنسیوں کو قانونی صلاح کاری فراہم کرتے ہوئے، ریاست گیر اہمیت کے حامل مجرمانہ مقدمات پر قانونی چارہ جوئی کرتے ہوئے، صارفین کے تحفظاتی قوانین نافذ العمل کرتے ہوئے، انضباطی تعمیل کی نگرانی کرتے ہوئے، اور قانونی عملدرآمد میں تعاون فراہم کرتے ہوئے، ریاست کے لیے چیف قانونی افسر کی خدمات انجام دیتا ہے۔ دولتِ مشترکہ برائے پینسلوانیا میں قانون کی بالا دستی برقرار رکھنے اور نافذ کرنے کے حوالے سے یہ کردار اہمیت کا حامل ہے۔

### یہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

**أآپ اپنا کردار نبھانے کے لیے تیار ہیں۔ اب آپ کے پاس وہ تمام** المعلومات موجود ہے جو ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو درکار ہے۔ اپنے پولنگ کے مقام کے بارے میں معلومات کے لیے یا ووٹنگ کے حوالے سے مسائل کی رپورٹ کرنے کے لیے، کال کریں:

866-OUR-VOTE

**اب آپ کے پاس وہ تمام معلومات موجود ہے جو ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو درکار ہے۔**

اپنے علاقے میں عہدوں کے لیے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کے بارے میں یہاں مزید جانیں:

**VOTE411.ORG/BALLOT**

ینسلوانیا میں اٹارنی جنرل کا کردار ہماری کمیونٹیز کے لیے اہمیت رکھتا ہے کیونکہ یہ قوانین کے منصفانہ نفاذ اور شہری حقوق کے تحفظ پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ اٹارنی جنرل، نظامی مسائل حل کرنے، امتیازی سلوک کی روک تھام اور قانون کے تحت منصفانہ سلوک کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ نسلی ناانصافی کے مقدمات کی کارروائی کرنے، مجرمانہ انصاف کی جامع اصلاحات کی خاطر وکالت کرنے اور افراد کے حقوق کے تحفظ میں فعال طور پر شامل ہو کر، اٹارنی جنرل، پینسلوانیا میں ایک زیادہ منصفانہ اور جامع معاشرے کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

## امریکی ایوانِ نمائندگان

وفاقی حکومت کی قانون ساز شاخ، کانگریس، دو ایوانوں پر مشتمل ہے: امریکی سینیٹ اور امریکی ایوانِ نمائندگان۔ کوئی وفاقی قانون منظور کرنے کے لیے دونوں ایوانوں کی جانب سے اکثریت کا ایک ووٹ درکار ہوتا ہے۔ ہر 2 سال بعد نمائندگان کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ صرف ایوانِ نمائندگان ہی ٹیکس بِلز متعارف کروا سکتے ہیں۔

امریکی ایوان 435 ارکان سے تشکیل پاتا ہے جو مردم شماری کے بعد ہر 10 سال بعد دوبارہ تقسیم کیے جاتے ہیں۔

### یہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

ایوان کی جانب سے قانون سازی کے تحت نگہداشتِ صحت، مجرمانہ انصاف کی اصلاحات، امیگریشن اور COVID-19 کی امداد جیسے مسائل کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ ایوان میں کسی بھی اختلافِ رائے سے کسی اہم قانون سازی کے بارے میں جمود پیدا ہو سکتا ہے۔

## PA ریاستی سینیٹر اور ریاستی نمائندہ

پینسلوانیا میں، حکومت کے قانون ساز شعبے کے دو حصے ہیں: سینیٹ اور ایوانِ نمائندگان۔ کوئی بھی ریاستی قانون منظور کرنے کے لیے دونوں ایوانوں کی جانب سے ایک اکثریتی ووٹ درکار ہوتا ہے۔

قانون سازی کے لیے ایوان اور سینیٹ کو یکساں اختیارات حاصل ہیں، لیکن صرف ایوانِ نمائندگان ہی ٹیکس بلز متعارف کروا سکتے ہیں، اور صرف سینیٹ کو ہی یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کابینہ کے عہدوں، ریاستی یونیورسٹی کے بورڈز، اور عدالتی آسامیوں سمیت کئی عہدوں کے لیے گورنر کی تقرریوں کی تصدیق کر سکیں۔

سینیٹرز کا انتخاب ہر 4 سال بعد کیا جاتا ہے، جبکہ نمائندگان ہر 2 سال بعد منتخب کیے جاتے ہیں۔

### یہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

PA ریاستی سینیٹرز اور ریاستی نمائندگان نے SNAP کی مراعات کے لیے فنڈز دینے، پولیس کی اصلاحات، اسکولوں کو فنڈ دینے اور عام طور پر ٹیکسوں میں سے کمیونٹی کے لیے رقم مختص کرنے کی خاطر قانون سازی تحریر کی ہے۔

## آئینی ترامیم

پینسلوانیا ریاستی مقننہ، بیلٹ کے ریاست گیر اقدامات کو بیلٹ میں ریفر کر سکتی ہے۔ بیلٹ میں آئینی ترامیم کا اضافہ کرنے کے لیے پینسلوانیا کا آئین، دو لگاتار قانون ساز سیشنز میں ہر ایک چیمبر (یعنی ریاستی ایوان اور ریاستی سینیٹ) میں ایک سادہ اکثریتی ووٹ (50%+1) کا تقاضا کرتا ہے۔ آئینی اصلاحات پہلے مقننہ سے منظور ہوتی ہیں پھر بیلٹ کے اقدامات کے طور پر بیلٹ پر نمودار ہوتی ہیں تب ووٹرز ان کی منظوری یا نامنظوری کے لیے ووٹ دیتے ہیں۔

### یہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

ترامیم کو بیلٹ میں بھیجنے یا اگر منظور ہو جائیں تو قانون کا درجہ دینے کے لیے گورنر کے دستخط درکار نہیں ہوتے۔ اس کام میں بیلٹ کے اقدامات کو ریاست کی قانون سازی اور انتظامی شاخوں کے درمیان چیک اور بیلنس کا احاطہ کرنے والا ایک طریقہ بنانے کی صلاحیت موجود ہے۔

**اب آپ کے پاس وہ تمام معلومات موجود ہے جو ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو درکار ہے۔**

اپنے علاقے میں عہدوں کے لیے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کے بارے میں یہاں مزید جانیں:

**VOTE411.ORG/BALLOT**

**أآپ اپنا کردار نبھانے کے لیے تیار ہیں۔ اب آپ کے پاس وہ تمام** المعلومات موجود ہے جو ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو درکار ہے۔ اپنے پولنگ کے مقام کے بارے میں معلومات کے لیے یا ووٹنگ کے حوالے سے مسائل کی رپورٹ کرنے کے لیے، کال کریں:

866-OUR-VOTE

### یہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

اگر موجودہ گورنر خدمات کی انجام دہی کے مزید قابل نہ ہو تو اس صورت میں لیفٹننٹ گورنر ہی گورنر بن جائے گا۔ بورڈ آف پارڈنز کے صدر کے طور پر، حالیہ سالوں میں ہم دیکھ چکے ہیں کہ مجرمانہ اصلاحات کے لیے یہ کردار کس قدر اہم ہو سکتا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر، بورڈ آف پارڈنز پر اثر انداز ہو کر منظور کروا سکتا ہے کہ لوگوں کو معاف کردیا جائے، جن میں چرس کی غیر متشدد سزاؤں والے لوگ شامل ہوں، کہ انہیں جیل سے رہا کیا جائے۔

## خازن

پینسلوانیا کا خازن ریاست کے مالی معاملات کا انتظام کرنے، سرمایہ کاریوں، قرض، اور نقد کی روانی کی نگرانی کرنے کا ذمہ دار ہے۔ وہ بینکنگ کے تعلقات قائم کرتے ہوئے، اور شفاف مالیاتی رپورٹنگ فراہم کرتے ہوئے، ریاستی فنڈز کے خادم کا کردار نبھاتے ہیں۔ خازن مالی ذمہ داری کو یقینی بنانے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں اور وہ مالیاتی تعلیم اور آؤٹ ریچ پروگرامز میں بھی شمولیت کرتے ہیں۔

### یہ کیوں اہمیت کا حامل ہے؟

پینسلوانیا میں خازن کا عہدہ، مساوات پر مبنی مالی طریقۂ ہائے کار کو یقینی بناتے ہوئے اور وسائل کی تعیناتی کرتے ہوئے، کمیونٹیز کے لیے اہم ہے۔ تمام رہائشیوں کے لیے اقتصادی شمولیت کو فروغ دیتے ہوئے، شفاف مالیاتی انتظام اور آؤٹ ریچ کے ذریعے، معاشی تضادات دور کرنے اور مالی خواندگی کو فروغ دینے میں خازن اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

## آپ اپنا کردار نبھانے کے لیے تیار ہیں۔ اب آپ کے پاس وہ تمام

معلومات موجود ہے جو ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو درکار ہے۔ اپنے پولنگ کے مقام کے بارے میں معلومات کے لیے یا ووٹنگ کے حوالے سے مسائل کی رپورٹ کرنے کے لیے، کال کریں:
866-OUR-VOTE

**ہسپانوی: 888-(1-888-839-8682) VE-Y-VOTA**

**عربی: 844-(1-844-925-5287) YALLA-US**

**ایشیائی زبانیں: 888-(1-888-274-8683) API-VOTE**

**امریکی اشاروں کی زبان ویڈیو کال: 301-818-(8683) VOTE**

✓

### اب آپ کے پاس وہ تمام معلومات موجود ہے جو ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو درکار ہے۔

اپنے علاقے میں عہدوں کے لیے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کے بارے میں یہاں مزید جانیں:

**VOTE411.ORG/BALLOT**